


SCAN ME

# جُرم کے شکار افراد کے لئے معلومات

یہ لیف لیٹ یہ سمجھنے میں آپ کی مدد کرے گا کہ کسی جُرم کی اطلاع دے لینے کے بعد آگے کیا ہوگا، آپ کن خدمات کا حق رکھتے ہیں، اورآپ کے لئے کیا مدد اورتعاون دستیاب ہے۔

**یہ حصہ آپ کے کیس کو نمٹانے والا افسر مُکمل کرے گا:**
(The officer dealing with your case will complete this section):

**نام: (Name):**

**کالرنمبر: (Collar number):**

**ای میل: (Email):**

**موبائل نمبر: (Mobile number):**

John Campion
Police and Crime Commissioner
West Mercia

**آپ کوجُرم کا حوالہ نمبراوراُس پولیس افسرسےرابطےکی تفصیلات مُہیا کی جائیں گی جوجُرم کی اطلاع کی تفتیش کرےگا۔ ان معلومات کومحفوظ رکھیں۔**

### آگے کیا ہوگا

جب آپ کسی جُرم کی اطلاع دیتےہیں توہم ایک ابتدائی تفتیش کریں گےجویہ فیصلہ کرنےمیں ہماری مدد کرے گی کہ کیا ہمارے پاس مقدمے کوآگےبڑھانےکےلئےکافی معلومات ہیں۔

اگرمقدمےکوآگےبڑھانےکےلئےکافی معلومات موجود نہیں ہیں تواس کوبند کیا جاسکتا ہے۔ اگرایسا واقع ہوتا ہےتوتفتیشی افسر یہ وضاحت کرنے کےلئےآپ کےساتھ رابطہ کرےگا کہ ایسا کیوں ہوا۔

اگرکافی معلومات موجود ہیں توہم تفتیش کوآگے بڑھائیں گے۔ اس میں ثبوت اکٹھا کرنا، بیانات لینا اورگواہان سےبات کرنا شامل ہوگا۔

یہاں تک کہ اگرآپ کےمقدمےکا نتیجہ کسی مُشتبہ کوانصاف کےکٹہرےتک نہ لانے کی صورت میں نکلا، ہم اُس اثرکوسمجھتےہیں جوکوئی جُرم ڈال سکتا ہےاورآپ تب بھی مدد اورتعاون وصول کرنےکےاہل ہونگے(مدد اورتعاون کےبارےمیں حصہ دیکھیں)

### رابطےمیں رہنا

آپ کےمقدمے کےلئےتفتیشی افسرآپ کےلئےرابطے کا مقام ہوگا اوروہ تازہ ترین معلومات سےآگاہ کرنے کےلئےآپ کےساتھ باقاعدگی کےساتھ رابطے میں رہےگا۔ وہ اہم سنگ میلوں کےبارےمیں آپ کوہمیشہ آگاہ کریں گے:



- کیا/کب کسی مُشتبہ کوگرفتارکیا جاتا ہے، اُس کا انٹرویوکیا جاتاہے، اُسےرہا کیا جاتا ہےیا اُسےضمانت پررہا کیا جاتا ہے
- کیا/کب تمام خطوط پرپوچھ گچھ مُکمل کی جاچُکی ہوگی اورمقدمےکوبند کردیا جائےگا۔
- کب کسی مُشتبہ کوموردالزام ٹھہرانےیا اُسےمُتنبہ کرنےیا نہ کرنےکےبارےمیں فیصلہ کیا جاتاہے

اگرآپ چاہتےہیں کہ آپ کوزیادہ تعدد کےساتھ تازہ ترین معلومات مُہیا کی جائیں توصرف افسرکو بتادیں۔ آپ اُنہیں اس بات سےبھی آگاہ کرسکتےہیں کہ آپ کیسے تازہ ترین معلومات وصول کرنا چاہیں گے ۔ مثلاً فون کال، ای میل، ٹیکسٹ میسیج، یا محفوظ رابطے کا مُتبادل طریقہ۔

**مزید معلومات کےلئےوزٹ کریں:**
**https://www.westmercia.police.uk/advice/advice-and-information/victim-support/what-happens-/after-you-report-crime**

**مظلوم کا ذاتی بیان (وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ ۔ وی پی ایس)**

ایک وی پی ایس آپ کےلئےاُس اثرکا اندراج کرانےکا موقع ہےجوجُرم نے آپ پراوراُن پرڈالا ہےجوآپ کےنزدیکی ہیں۔ یہ فوجداری نظام انصاف کےعمل میں آپ کوآوازمُہیا کرتا ہےاوراگرمقدمہ عدالت تک جاتا ہےتویہ عدالت کی یہ سمجھنےمیں مدد کرتا ہے کہ جُرم نےآپ کو کیسے متاثرکیا ہے۔

آپ کسی بھی مقام پروی پی ایس دےسکتےہیں، لیکن بہت سےمظلومین کےلئےیہ دینے کا بہترین وقت وہ ہوتا ہےجب اُنہیں بتایا جاتا ہےکہ مُشتبہ پرالزام عائد کردیا گیا ہےاورجُرم کا مُکمل اثرواضح ترہوسکتا ہے۔

**مزید معلومات کےلئےاپنے تفتیشی افسرسےرابطہ کریں یا وزٹ کریں:**
**https://www.gov.uk/government/publications/victim-personal-statement**



**VICTIM ADVICE LINE**
WEST MERCIA | 0800 952 3000

اوریٰ ئکوےلئےکیی | سُننئامہنر | مفت اوررزازدااتہ

روشمہ

**دی وکٹم ایڈوائس لائن ورسٹرشائر، ہیئرفورڈ شائر اورشروپشائرمیں جُرم سےمتاثرہونےوالےافراد کےلئے مُفت، رازدارانہ سروس ہے۔ جب بھی آپ کوضرورت ہویہ دستیاب ہے، اس بات کی پرواہ نہ کئےبغیرکہ جُرم کب واقع ہوا۔**

ہم سمجھتےہیں کہ جُرم ہرایک کومُختلف طورپرمتاثرکرتا ہے۔ آپ کا اپنا کیئرکوآرڈینیٹرہوگا جوبالکل دُرست طورپریہ سمجھنےکےلئےآپ کےساتھ کام کرےگا کہ آپ کوکس مدد اورتعاون کی ضرورت ہے۔ وہ تعاون کا ایک پیکیج اکٹھا کریں گےتاکہ نمٹنےاوربحال ہونےمیں آپ کی مدد کی جاسکے۔

ہم تب تک تعاون مُہیا کرتےہیں جب تک آپ کواُس کی ضرورت ہو، اوراگرآپ سمجھتےہیں کہ آپ کوہماری ضرورت ہےتوآپ کسی بھی وقت ہمارے ساتھ واپسی رابطہ کرسکتےہیں۔

”

[وہ] میرے لئےانتہائی صدماتی وقت پرزندگی کی ڈورتھے۔ اُنہوں نے میری بات سُنی، میرے سوالات کےجوابات دئیے اورمُکمل طورپرسمجھا کہ میں کتنی تکلیف میں اورگھبرایا ہوا محسوس کررہا تھا/رہی تھی۔ اُنہوں نےمُجھےیکساں طورپراُس تعاون کی پیشکش کی جس کی مُجھےضرورت تھے---- میں اُنہیں کال کرنےسےنہیں ہچکچاؤں گا/گی۔

“

**آپ ہمارےساتھ کسی ایسےطریقےسےرابطہ کرسکتےہیں جوآپ کےلئےپُرسہولت ترین ہو۔**

3000 952 0800

info@victimadviceline.org.uk

لائیوچیٹ یہاں پر www.victimadviceline.org.uk

**۔ںیہ یتکاسج یھکید اںہی ت\لیصفت یکزسورس ٹروپس یامقرمگید**
**https://victimadviceline.org.uk/specialist-service/**

## بحال کنندہ انصاف (ریسٹوریٹیوجسٹس)

کیا آپ اس بارےمیں ابھی بھی سوالات رکھتےہیں جوآپ کےساتھ واقع ہوا؟ کیا آپ چاہیں گےکہ اُس شخص کوجس نےآپ کونقصان پہنچایا ہے اپنےجُرم کےاثرکےبارےمیں علم ہو؟

ریسٹوریٹیوجسٹس کا ہدف اپنےتجربےسےنمٹنےاوراُس سےبحال ہونےکےلئےآپ کوطاقتوربنانا ہے۔ اس میں شامل ہوسکتا ہے، اگرآپ چاہیں تو، اپنےمُجرم کےساتھ ابلاغ کا موقع، جہاں موزوں ہو، تاکہ آپ اُس اثرکی وضاحت کرسکیں جواُس کی کاروائیوں نےآپ پرڈالا ہے۔

**ریسٹوریٹیوجسٹس کے بارےمیں مزید معلومات یہاں دیکھی جاسکتی ہیں: https://victimadviceline.org.uk/victim-advice-parent/restorative-justice/**

## عدالت میں جانا

اگرآپ کوگواہی دینےکےلئےعدالت میں جانےکےلئےکہا جاتا ہے، توآپ کےلئےایک وٹنس کیئرافسرمُختص کیا جائےگا جومقدمےکےدوران آپ کےلئےرابطےکا مقام ہوگا۔

وہ آپ کواس بارےمیں آگاہ کرےگا کہ مقدمہ کب اورکہاں واقع ہوگا، آپ کووضاحت کرےگا کہ اُس دن کیا ہوگا اورکسی ایسےسوالات کےجوابات دےگا جوآپ رکھتےہیں۔

وہ یہ یقینی بنائےگا کہ آپ تیارہوں، بشمول مقدمےسےپہلےعدالت کےدورے اورکسی دیگراقدامات کا انتظام کرنےکےجوگواہی دینےمیں آپ کی مدد کےلئےدستیاب ہوسکتےہیں۔

**مزید معلومات کےلئے، وزٹ کریں: https://www.victimandwitnessinformation.org.uk/what-happens-after-crime/going-court/**



## وکٹمزکوڈ آف پریکٹس

وکٹمزکوڈ آف پریکٹس خدمت کےاُس درجےکی وضاحت کرتا ہےجس کی آپ پولیس اورفوجداری انصاف کےدیگراداروں سےتوقع کرسکتےہیں، اُس وقت سےلےکرجب آپ جُرم کی اطلاع دیتےہیں عدالت میں مقدمےکےاختتام تک کےتمام عرصےکےدوران۔

یہاں مزید جانیں
https://www.gov.uk/government/publications/the-code-of-practice-for-victims-of-crime

Ministry of Justice

# وکٹمزکوڈ

## انگلینڈ اورویلزمیں جُرم کا شکارہونےوالےتمام مظلومین حقوق رکھتےہیں:

1 کہ وہ سمجھنےکےقابل ہوں اورانُہیں سمجھا جائے

2 کہ وہ بلاجوازتاخیرکےبغیرجُرم کی تفصیلات کا اندراج کروائیں

3 کہ جُرم کی اطلاع دیتےوقت اُنہیں معلومات مُہیا کی جائیں

4 ایسی سروسزکی طرف ریفرکئےجانےکاجومظلومین کوتعاون مُہیا کرتی ہیں اورجوآپ کی ضروریات کےمطابق تشکیل دی گئی خدمات اورتعاون رکھتی ہیں۔

5 اُنہیں معاوضےکےبارےمیں معلومات مُہیا کی جائیں

6 اُنہیں تفتیش اورعدالتی کاروائی کےبارےمیں معلومات مُہیا کی جائیں

7 کہ وہ مظلوم کا ذاتی بیان (وکٹم پرسنل اسٹیٹمنٹ) دیں

8 اُنہیں مقدمے، مقدمےکےعمل اورایک گواہ کےطورپرآپ کےکردارکےبارےمیں معلومات مُہیا کی جائیں۔

9 مقدمے اورکسی اپیلوں کےنتیجےکےبارےمیں معلومات مُہیا کی جائیں

10 آپ کےاخراجات ادا کئےجائیں اورآپ کی ملکیتی اشیاء واپس کی جائیں

11 سزادہی کےبعد مُجرم کےبارےمیں معلومات مُہیا کی جائیں

12 اپنےحقوق پورےنہ کئےجانےکےبارےمیں شکایت کریں

## معاوضہ

اگرآپ کسی ایسے جُرم کا شکار ہوئے ہیں جس کی وجہ سے آپ زخمی ہوئے ہیں یا آپ کوملکیتی اشیاء سے ہاتھ دھونا پڑا ہے یا اُن کونقصان پہنچا ہے، توآپ معاوضے کے لئے درخواست دینے کے قابل ہوسکتے ہیں۔

**مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی وزٹ کریں: https://www.westmercia.police.uk/ar/applyregister/vc/compensation-for-victims-of-crime/**

## نظرثانی کے حق کی اسکیم (رائٹ ٹوریویواسکیم)


کوالیفائی کرنے والے کسی ایسے مقدمے میں کوئی بھی مظلوم جس میں عدالتی کاروائی نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے یہ حق رکھتا ہے کہ وہ اُس فیصلے کی نظرثانی طلب کرے۔

**مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی وزٹ کریں: https://www.westmercia.police.uk/advice/advice-and-information/victim-support/victims-right-review-scheme/**

## شکایات

آپ کسی پولیس فورس سے کسی ایسی چیز کے بارے میں شکایت کرسکتے ہیں جس نے آپ پرمنفی اثرڈالا تھا، جیسا کہ آپ کے لئے کسی قسم کے نقصان، ملکیتی شہ کو پہنچنے والے ضرر، تکلیف یا بے آرامی کا باعث ہونا۔ اس میں عام پولیسنگ معیارات، کوئی ایسی سروس جوآپ کوپولیس کی طرف سے ملی ہے یا یہ شامل ہوسکتا ہے کہ ہم اپنے ذرائع کوکیسے استعمال کررہے ہیں۔

**مزید جاننے کے لئے برائے مہربانی وزٹ کریں https://www.westmercia.police.uk/advice/advice-and-information/c/af/complaints/**



## نیبرہُڈ میٹرز Neighbourhood Matters پرسائن اپ کریں ---

### --- آپ کی معاشرتی پیغام رسانی کی سروس

نیبرہُڈ میٹرزرہائشین، کاروباروں اورمعاشرتی گروپس کومقامی پولیسنگ کی ٹیموں کےساتھ رابطے میں رہنےکےقابل بناتا ہے۔

آپ انتخاب کرتےہیں کہ آپ بالکل درُست طورپرکس قسم کا انتباہ وصول کرنا چاہتےہیں اورکیسے وصول کرنا چاہتےہیں اورکتنے تعدد کےساتھ۔

**ابھی یہاں سائن اپ کریں: www.neighbourhoodmatters.co.uk**




اگرآپ کو معلومات کی کسی اورساخت یا زُبان میں ضرورت ہے، توبرائےمہربانی اپنےافسرکےذریعےاس کی درخواست کریں یا وکٹم ایڈوائس لائن سےرابطہ کریں۔

لیف لیٹ وہ معلومات تلاش کرنےمیں آپ کی مدد کےلئےبیرونی فریق سوّم ویب سائٹس تک لنک رکھتا ہےجوتیزی اورآسانی کےساتھ آپ سےمُتعلقہ ہوسکتی ہیں۔

ویسٹ مرسیا پولیس بیرونی ویب سائٹس یا اُن کےبعد کےلنکس کی درُستگی، قانونی حیثیت یا مواد کےلئےکوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی۔

---

کےلئےوزٹ کریں ےروں تازہ ترین مشیمےرکےبایےنسےبچ مجُ ز
www.westmercia.police.uk/cp/crime-prevention
جاری جرائم کےلئے999 پرکال کریں۔ غیرہنگامی صورت حالات کےلئےآن لائن اطلاع دیں:
www.westmercia.police.uk/report

@westmerciapolice X @WMerciaPolice